فری ٹو پروٹیسٹ
گائیڈ پاکستان

فری ٹو پروٹیسٹ گائیڈ پاکستان

پاکستان کے قوانین اور پالیسیوں کے مطابق، مقامی سماجی کارکنوں اور پرائیویسی انٹرنیشنل کے تعاون سے'' فری ٹو پروٹیسٹ گائیڈ'' یو۔کے کو رہنما خطوط کے طور پر تصور کرتے ہوئے بنائی گئی ہے۔اس گائیڈ کا مقصد قانونی مشورے کے متبادل کے طور پر نہیں ہے بلکہ یہ آزاد اور محفوظ طریقے سے احتجاج کے حق کی حفاظت اور مقامی سماجی اور سیاسی کارکنان کی معلومات اور ترجیح کو پیش کرنا ہے۔

گائیڈ کا لنک :
https://privacyinternational.org/sites/default/files/2021-06/FREE_TO_PROTEST-UK-EDITION.pdf

قانون کیا کہتا ہے؟

احتجاج کے حق کو دنیا بھر میں بنیادی جمہوری آزادی کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ پاکستان ایک جمہوری ملک کے طور پر اپنے شہریوں کے اس حق کو تسلیم کرتا ہے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان 1973 کے آئین کا آرٹیکل 16 (بطور ترمیم شدہ) ہر شہری کو یہ حق دیتا ہے کہ ''امن و امان کے مفاد میں قانون کی طرف سے عائد کردہ کسی بھی معقول پابندی کے ساتھ، پرامن طریقے سے اور بغیر ہتھیاروں کے جمع ہو کر احتجاج کر سکتے ہیں۔''
تاہم، پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 16 اور 17 کے تحت اسمبلی اور ایسوسی ایشن کی آزادیوں پر ریاستی قانون کے مطابق "مناسب پابندیاں" لگائی جا سکتی ہیں جسے '' پبلک آرڈر'' کا نام دیا گیا ہے۔
اس استثنیٰ کے تحت، مینٹیننس آف پبلک آرڈر آرڈیننس، 1960 جیسے قوانین کا استعمال عوامی اجتماعات کو روکنے اور مظاہرین کو گرفتار کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔
ضابطہ فوجداری (سی آر پی سی) 1973 کی مزید دفعہ 144 کا استعمال 5 سے زائد افراد کے اجتماعات کو روکنے کے لیے بھی کیا گیا ہے تاکہ
قانونی طور پر ملازمت کرنے والے کسی بھی فرد کو رکاوٹ، جھنجھلاہٹ یا چوٹ، یا انسانی جان، صحت یا حفاظت'' کو ''خطرہ، یا عوامی سکون میں خلل ڈالنا، یا ہنگامہ آرائی کی وجہ سے مشکلات کا سامنا نہ ہو۔''
پاکستان انسانی حقوق کے متعدد بین الاقوامی معاہدوں کا بھی دستخط کنندہ ہے اور اس کے مطابق ان معاہدوں کے اصولوں اور قواعد کو برقرار رکھنے کا ذمہ دار بھی ہے۔
خاص طور پر قابل غور بات یہ ہے کہ پاکستان 1966 کے شہری اور سیاسی حقوق کے بین الاقوامی معاہدے کا ایک ریاستی فریق ہے اور اس نے 2010 میں اس معاہدے کی توثیق کی تھی۔ اس بارے میں میثاق کا آرٹیکل 21 کہتا ہے کہ: **(ICCPR)**

پرامن اجتماع کے حق کو تسلیم کیا جائے گا۔اس حق کے استعمال پر کوئی پابندی نہیں لگائی جا سکتی سوائے قانون کے مطابق عائد کردہ پابندیوں کے جو کہ ایک جمہوری معاشرے میں قومی سلامتی یا پبلک آرڈر (آرڈر پبلک)، عوام کے تحفظ، صحت یا اخلاقیات یا دوسروں کے حقوق اور آزادی کے تحفظ کے مفاد میں ضروری ہیں۔

یہ گائیڈ کسی بھی طرح کے ایسوسی ایشن اور اسمبلی کی آزادی کے اور حق کے استعمال کو آسان بنانے کے لیے بنائی گئی ہے ۔ ہماری خاص توجہ کا مرکز یہ ہے کہ احتجاج کا حق استعمال کرنے والے کسی بھی شہری کی رازداری اور ڈیٹا کو لاحق خطرات کو کم کر کے محفوظ کرنے میں یہ گائیڈ مددگار ثابت ہوسکے۔ہم امید کرتے ہیں کہ درج ذیل باب ان کو کچھ

خطرات اور تخفیف(کسی چیز کو کم ناگوار بنانا) کے اقدامات کو واضح کرنے میں مدد کرے گا، جو شہری اپنی آئینی آزادیوں کو استعمال کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔

ہماری کوشش یہ ہے کہ یہ گائیڈ ایک ایسی دستاویز ہو جو موجودہ حالات اور ہر طرح کے آنے والی صورتحال اور دباؤ کے ساتھ ساتھ تبدیل اور بہتر ہو سکتی ہےاور اس مقصد کے لیے ہم گائیڈ میں متعلقہ تبدیلیاں اور اضافے کرنے کے بارے میں کوئی بھی رائے حاصل کرنے کے منتظر ہیں اس کے لیے براہ کرم اپنی بات یا نقطہ **info@privacyinternational.org** پر سبجیکٹ لائن ''پاکستان احتجاج گائیڈ'' کے ساتھ بھیجیں۔

احتجاج میں شرکت سے پہلے اور اس کے دوران دوسرے کارکن کیا کر سکتے ہیں اس کے بارے میں کچھ عمومی نکات یہ ہیں:

۱) ہائیڈریشن کے لیے پانی کی ایک بوتل ساتھ لے جائیں۔ آنسو گیس کے استعمال کی صورت میں اپنی آنکھوں کو اچھے طریقے سے دھوئیں۔

۲) ''بڈی سسٹم'' کو استعمال کریں۔ اگر پولیس پہنچ کر ہجوم کو منتشر کرنے یا کسی اور طریقے سے احتجاج میں خلل ڈالنے کی کوشش کرے تو اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ الجھاؤ یا بھگدڑ کی صورت میں کوئی بھی پیچھے نہ رہ جائے۔

۳) احتجاج کے لیے نکلنے سے پہلے اپنے فون کو مکمل طور پر چارج کر کے رکھیں اور کسی عزیز کے ساتھ اپنی لوکیشن شیئر کریں۔

۴) اپنے فون پر پاس کوڈ کو آن کریں کسی بھی چہرے یا فنگر پرنٹ ان لاک کے طریقے کو کو آف کر دیں۔
احتجاج کے لیے اپنے ساتھ حساس معلومات پر مشتمل آلات نہ لائیں۔

۵) اپنے آپ کو گندگی اور آلودگی سے بچانے کے لیے ماسک پہنیں اور اگر کوئی تصویر یا ویڈیوز ریکارڈ کر رہا ہو تو اس کی مدد سے اپنے چہرے کو کم آویزاں کرنے میں بھی مدد کریں۔

۶) تصاویر یا ویڈیوز لے کر پولیس کی طرف سے کی جانے والی کسی بھی چوٹ کا ریکاڈر دستاویز کی صورت میں کریں۔

۷) ساتھی مظاہرین کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر نہ کریں تاکہ ان کی موجودگی کی نشاندہی نہ ہو۔اس کے بجائے آپ دھندلے چہروں والی تصاویر استعمال کر سکتے ہیں۔

۸) اپنے اور اپنے ساتھیوں کے لیے احتجاج کے اہاتے سے باہر نکلنے کی حکمت عملی پہلے سے طے کریں۔

انٹرنیٹ یا نیٹ ورک شٹ ڈاؤن کو روکنا :

انٹرنیٹ بند ہونے کی صورت میں کیا کیا جا سکتا ہے:

ڈالنے کا ایک عام ذریعہ بن گیا ہے۔ انٹرنیٹ میں انتشار[2] انٹرنیٹ اور موبائل نیٹ ورکس میں خلل بدقسمتی سے مظاہروں[1] کی بندش نہ صرف لوگوں کی آزادیوں کو متاثر کرتی ہے، بلکہ کسی بھی مظاہرے میں گھبراہٹ یا ہلچل کی صورت میں مظاہرین کے لیے مواصلات کو مسدود کرنے کے سنگین نتائج ہو سکتے ہیں۔پاکستان میں انٹرنیٹ کی بندش کو مبینہ طور پر بڑے پیمانے پر اجتماعات اور احتجاج کو کنٹرول کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔حکومت اکثر موبائل نیٹ ورکس کو بند کرنے کے لیے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشنز (ری آرگنائزیشن) ایکٹ 1996 کے سیکشن 54(3) کا استعمال کرتی ہے۔ ذیلی

---

[1] Imran Asghar, "No mobile, internet service today," The Express Tribune, March 23, 2022, https://tribune.com.pk/story/2349211/no-mobile-internet-service-today.

[2] Muneeb Ahmad, "Mobile services to remain suspended in 52 cities on Muharram," TechJuice, October 10, 2021, https://www.techjuice.pk/mobile-services-to-remain-suspended-in-52-cities-on-muharram/.

دفعہ میں کہا گیا ہے کہ صدر کی طرف سے ایمرجنسی کے اعلان پر پی ٹی اے ایکٹ کے تحت کسی بھی لائسنس کو معطل کر سکتا ہے یا اس میں ترمیم کر سکتا ہے یا آپریشن، کام یا سروس کی معطلی کا سبب بن سکتا ہے۔

نیٹ ورک بلاک کرنے کے اثرات کو کم کرنے کے لیے ایپ پر مبنی کچھ مواصلات یہ ہیں:

Fire Chat
ایک ایسی ایپ ہے جو پیغامات کے تبادلے کے لیے بلوٹوتھ کا استعمال کرتی ہے۔ یہ اینڈرائیڈ
) آئی او ایس دونوں کے لیے دستیاب ہے۔ بالترتیب
100) کی مؤثر رینج کے ساتھ **m – 60m**۔

Briar
ایک میسجنگ ایپ ہے جو کارکنوں، صحافیوں، اور کسی بھی ایسے شخص کے لیے بنائی گئی ہے جسے بات چیت کے لیے محفوظ اور آسان طریقے کی ضرورت ہے۔ یہ بلوٹوتھ یا وائی فائی کا استعمال کرتا ہے تاکہ کسی بحران میں معلومات کی روانی برقرار رہے۔ یہ صرف اینڈرائیڈ پر دستیاب ہے۔

Bridgefy
ایک میسجنگ ایپ ہے جو صارفین کو ایڈہاک نیٹ ورکس جیسے پیئر۔ٹو۔پیئر وائی فائی اور بلوٹوتھ کے ذریعے خفیہ کردہ پیغامات بھیجنے کی اجازت دیتی ہے۔ یہ اینڈرائیڈ اور آئی او ایس دونوں کے لیے دستیاب ہے۔

نوٹ: ان ایپس کو تخفیف کی حکمت عملی کے طور پر تجویز کیا گیا ہے نہ کہ پیغامات کی غیر قانونی مداخلت کے حل طور پر یا مکمل طور پرجوابی اقدام کے طور پر۔

پاکستان میں نگرانی کی صلاحیتوں کے بارے میں ہم اب تک کیا جانتے ہیں:

۱)
کو یقینی **"** پنجاب سیف سیٹیز اتھارٹی کو احتساب کے واسطے اور جرائم میں کمی کے لیے ''عوامی مقامات کی بہتر نگرانی[3] کے تحت رکھا جاتا ہے۔ تاہم اس بنانے کا اختیار حاصل ہے۔ جمع کیے گئے ڈیٹا کو ''ڈیٹا اور پرائیویسی پروٹیکشن پروسیجرز[4] کار میں **(DP3)**

[3] Berhan Taye, "Pakistan shuts down the internet three times in one week," Access Now, November 6, 2018, https://www.accessnow.org/pakistan-shutdowns-internet/.
[4] https://psca.gop.pk/wp-content/uploads/2021/03/PrivacyPolicyDP3.pdf

نفاذ کے حوالے سے شفافیت کا فقدان ہے، اور شہریوں کے ڈیٹا کی ریکارڈنگ اور پروسیسنگ شہری آزادیوں کے لیے "
۔تشویش کا باعث ہے

۲)

2019 کہ پاکستانی حکومت نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی میں یہ اطلاع ملی[5]
2010 (PTA)، کی جانب سے ٹیلی فونی ٹریفک ریگولیشنز
کے مینڈیٹ کے تحت ڈیپ پیکٹ انسپیکشن کا استعمال کرتے ہوئے پاکستان میں انٹرنیٹ ٹریفک کی نگرانی کے لیے کینیڈا
۔کی کمپنی سینڈ وائن کی خدمات حاصل کرنے کا عہد کر دیا ہے[6]
اگرچہ اس بات کی تصدیق کی گئی تھی کہ پاکستانی حکومت نے سینڈ وائن کے ساتھ معاہدہ کیا تھا لیکن یہ سارا لین دین
۔شفافیت کے فقدان کا شکار ہو چکا ہے

۳)

دی سیٹیزن لیب کے ذریعے کی گئی کمپیوٹر فوریننزک تحقیق کے مطابق
Finfisher انٹریوژن
۔میلویئر سویٹ، پاکستان میں آپریشنل پایا گیا ہے[7]

۴)

CitizenLab
جس میں انہوں نے میں ایک رپورٹ شائع کی[8]
2019
NSO کے **Pegasus** کے
اسپائی ویئر کو 45 ممالک میں آپریشنل پایا، جہاں پاکستان بھی اس فہرست کا حصہ تھا۔ اس بارے میں مزید کوئی قابل
۔۔تصدیق معلومات نہیں مل سکیں

: مواصلات کی نگرانی پاکستان میں متعدد قوانین کے ذریعے منظم ہے

- انویسٹی گیشن فار فیئر ٹرائل ایکٹ (2013) بنیادی طور پر کسی بھی مجاز افسر
(BPS-20)
اور اس سے اوپر کے ذریعے آلات کو روکنے اور ٹریک کرنے کے لیے ٹیکنالوجی کے استعمال کو ہائی کورٹ کے جج کے ذریعے
نگرانی کے لیے وارنٹ جاری کرنے پر قانونی حیثیت دیتا ہے تاکہ کامیابی کے ساتھ جرائم کو روکنے کے اقدامات انجام دیئے جا
۔سکیں۔ اور ایکٹ کے دیباچے کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے ایک ناگزیر امداد بنیں

---

[5] https://www.codastory.com/authoritarian-tech/surveillance/pakistan-nationwide-web-monitoring/
[6] https://www.dawn.com/news/1484245
[7] https://citizenlab.ca/2015/03/finfisher-lawsuit-to-be-heard-in-pakistans-lahore-high-court/
[8] https://citizenlab.ca/2018/09/hide-and-seek-tracking-nso-groups-pegasus-spyware-to-operations-in-45-countries/

- پریوینشن آف الیکٹرانک کرائمز ایکٹ (2016) میں ٹریفک ڈیٹا کی توسیعی برقراری، ہتک عزت کی مجرمانہ کارروائی، اور پی ٹی اے
PTA
کے ذریعے آن لائن مواد پر مجموعی طور پر کنٹرول کے حصے شامل ہیں۔

- **S .4**
کے ذریعے ٹیلی فونی ٹریفک ریگولیشنز (2010) کی نگرانی اور مفاہمت کے لیے ہر طویل فاصلے اور بین الاقوامی سروس فراہم کرنے والے کو ایک ایسا نظام قائم کرنے کی ضرورت ہے جو پی ٹی اے کے نیٹ ورکس پر ٹریفک کی ریئل ٹائم نگرانی اور ریکارڈنگ کی اجازت دیتا ہے۔

- پاکستان ٹیلی کمیونیکیشنز (ری آرگنائزیشن) ایکٹ، 1996 قومی سلامتی کے مفاد میں کالز اور پیغامات کو روکنے کی اجازت دیتا ہے۔
54(1) سیکشن

آپ کے آلات کی نگرانی کے بارے میں ایک گائیڈ:

احتجاج کے دوران موبائل فون کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے اور ڈیٹا کے ارد گرد خطرات کو کیسے کم کیا جائے۔

موبائل فون ڈیٹا نکالنے کے اوزار کیا کرتے ہیں؟
موبائل فون ڈیٹا نکالنے (موبائل فون ایکسٹریکشن یعنی ایم پی ای) ٹولز ایسے آلات ہیں جو پولیس کو موبائل فون سے ڈیٹا نکالنے کی اجازت دیتے ہیں۔ بشمول

۱) رابطے
۲) کال ڈیٹا (یعنی آپ کس کو کال کرتے ہیں، کب، اور کتنی دیر تک)
۳) ٹیکسٹ پیغامات (بشمول آپ نے کس کو اور کب ٹیکسٹ کیا)
۴) ذخیرہ شدہ فائلیں (تصاویر، ویڈیوز، آڈیو فائلیں، دستاویزات) وغیرہ
۵) ایپ ڈیٹا (ان ایپس پر محفوظ کردہ ڈیٹا) سمیت
۶) مقام کی معلومات اور تاریخ
۷) وائی فائی نیٹ ورک کنکشنز (جو کسی بھی ایسی جگہ کے مقامات کو ظاہر کر سکتے ہیں جہاں آپ نے وائی فائی منسلک کیا ہے، جیسے آپ کے کام کی جگہ یا کیفے)۔
۸) ایم پی ای ٹولز کلاؤڈ میں محفوظ کردہ ڈیٹا تک بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں لہذا یہاں تک کہ اگر آپ اپنے جمع شدہ ڈیٹا کو کم سے کم کرنے کے بارے میں بہت محتاط ہیں، تب بھی اس تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے اگر یہ آن لائن محفوظ ہے۔ یا وہ ڈیٹا جو آپ کو معلوم بھی نہیں ہے اور یہاں تک کہ وہ ڈیٹا جس کو حذف کر دیا گیا ہے، اس تک بھی رسائی ممکن ہے۔

احتجاج میں موبائل فون ڈیٹا نکالنے کے آلات کیسے استعمال کیے جا سکتے ہیں؟

محفوظ شدہ ڈیٹا کو نکالنے کے لیے، پولیس کو جسمانی طور پر آپ کے موبائل فون تک رسائی کی ضرورت ہوگی۔ پولیس آپ کا فون لے سکتی ہے اگر آپ کو کسی احتجاج کے دوران حراست میں لیا گیا یا گرفتار کیا گیا یا تلاشی لی گئی، لیکن تب بھی کہ اگر آپ گواہ ہیں یا آپ کسی جرم کا شکار بھی ہوئے ہیں تو۔

احتجاج پر جاتے وقت کیا سوچنا چاہیے۔

اپنے فون کے آپریٹنگ سسٹم
(iOS یا Android)
کو اپ ٹو ڈیٹ رکھنا ہے جس کا مطلب ہے کہ اس میں تازہ ترین سیکیورٹی خصوصیات ہوں ،یہ ایم پی ای کو روکنے کا بہترین طریقہ ہے۔

اگرچہ ایم پی ای سے اپنے آپ کو بچانے کا سب سے مؤثر طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے فون کو احتجاج میں نہ لے کر جائیں، لیکن یہ ایک حقیقت پسندانہ حل ہونے کا امکان نہیں رکھتا ہے۔ درحقیقت، آپ کا فون نہ ہونا آپ کو دوسرے طریقوں سے کمزور بنا سکتا ہے۔ اگر آپ کے پاس کم سے کم ڈیٹا والا متبادل فون ہے تو اسے لے جانا بہتر ہوگا۔

اگرچیکه آپ کو اپنے فون کو مقفل رکھنا چاہیے، کچھ ایم پی ای ٹولز کو مبینہ طور پر لاک فون تک رسائی کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ تاہم، اس سیکیورٹی کو نظرانداز کرنے کی ان کی صلاحیت فون اور اس کے آپریٹنگ سسٹم پر منحصر ہے۔

احتجاج میں جانے سے پہلے، آپ اپنے فون کے ڈیٹا کو اپنے کمپیوٹر میں بیک اپ کرنے، اور پھر اس ڈیٹا کو اپنے فون سے ہٹانے پر غور کر سکتے ہیں۔ لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ کچھ ایم پی ای ٹولز حذف شدہ ڈیٹا کو بازیافت کرنے کے قابل ہیں۔ اگر آپ نے ڈیٹا کو کلاؤڈ سروس میں محفوظ کر لیا ہے، تو کچھ ایم پی ای ٹولز تب بھی اس ڈیٹا تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

۔کلاؤڈ ایکسٹریکشن ٹولز کو احتجاج میں کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے اور آپ اپنےڈیٹا کے پھیلاؤ کو کیسے کم سے کم کر سکتے ہیں:

؟کلاؤڈ ڈیٹا نکالنے کے اوزار کیا ہیں اور وہ کیا کرتے ہیں

کلاؤڈ ڈیٹا نکالنے کی ٹیکنالوجی پولیس کو آپ کے موبائل فون یا دیگر آلات کے ذریعے آپ کے 'کلاؤڈ' میں محفوظ کردہ ڈیٹا تک رسائی کے قابل بناتی ہے۔

کلاؤڈ سے ڈیٹا نکالنے والے ٹولز کے استعمال کا مطلب ہے کہ پولیس اس ڈیٹا تک رسائی حاصل کر سکتی ہے جسے آپ آن لائن اسٹور کرتے ہیں۔ کلاؤڈ میں ڈیٹا اسٹور کرنے والی ایپس میں
Uber , Slack, Instagram, Telegram, Twitter, Facebook
کی مثالیں موجود ہیں ۔

؟احتجاج میں کلاؤڈ ڈیٹا نکالنے کے اوزار کیسے استعمال کیے جا سکتے ہیں

آپ کا کلاؤڈ ڈیٹا نکالنے کے لیے پولیس کو جسمانی طور پر آپ کے موبائل فون تک رسائی کی ضرورت ہوگی۔ پولیس آپ کا فون ضبط کر سکتی ہے اگر آپ کو احتجاج کے دوران حراست میں لیا گیا یا گرفتار کیا گیا ہے لیکن یہ رسائی تب بھی ممکن ہے اگر آپ نے کسی قسم کا جرم کیا ہے اور یہاں تک کہ اگر آپ کسی جرم کا شکار ہوئے ہیں ۔(موبائل فون نکالنے کے بارے میں احتجاجی گائیڈ بھی دیکھیں)۔
یہ تمام معلومات مظاہرین اور منتظمین کی شناخت ، احتجاج اور کارروائیوں کے مقامات کے بارے میں معلومات جاننے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں۔
آپ کا کلاؤڈ ڈیٹا صرف آپ کے بارے میں معلومات کو ظاہر نہیں کرتا ہے بلکہ یہ آپ کے دوستوں، خاندان، اور کسی بھی عزیز کے بارے میں بھی بہت کچھ ظاہر کر سکتا ہے جن سے آپ آن لائن بات چیت کرتے ہیں، جیسے کہ ساتھی مظاہرین، مثال کے طور پر آپ کے کلاؤڈ میں پرانے رابطے محفوظ ہو سکتے ہیں جنہیں فون سے ہی حذف کر دیا گیا ہو۔

؟احتجاج پر جاتے وقت کیا سوچنا چاہیے

آپ اپنے فون کو گھر پر چھوڑنے پر غور کر سکتے ہیں، اگر یہ حقیقت پسندانہ حل نہیں ہے تو آپ اپنے فون پر جو ایپلیکیشنزاستعمال کرتے ہیں ان میں کلاؤڈ بیک اپ کو بند کرنے اور تمام کلاؤڈ بیسڈ سروسز سے لاگ آؤٹ کرنے کے بارے میں سوچنا چاہیے۔ یہ کلاؤڈ میں ڈیٹا کو محفوظ ہونے سے بچائے گا اور آپ کے موبائل فون سے اس ڈیٹا تک کی رسائی کو روک دے گا۔

کسی احتجاج میں جانے سے پہلے، آپ کو اس بات سے آگاہ ہونا چاہیے کہ اگرچہ آپ واٹس ایپ کے ذریعے اینڈ ٹو اینڈ انکرپٹڈ میسجنگ استعمال کرتے ہیں، اگر آپ واٹس ایپ پیغامات کا کلاؤڈ پر بیک اپ لیتے ہیں تو پولیس کلاؤڈ نکالنے والے ٹولز کے ذریعے ان انکرپٹڈ بیک اپس تک رسائی حاصل کر سکتی ہے۔

آپ کلاؤڈ میں کچھ ایپلیکیشنز، جیسے واٹس ایپ ، فیس بک،اوبر اور ٹویٹر میں

محفوظ ہونے والے مقاماتی ڈیٹا کی رسائی کو بند کر سکتے ہیں۔ اس سے پولیس کو یہ معلوم کرنے سے روکا جا سکتا ہے کہ آپ کہاں کہاں گئے تھے۔

IMSI

کیچرز کو احتجاج میں کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے اور آپ اپنے ڈیٹا کو لاحق خطرات کو کیسے کم کر سکتے ہیں

2015

پنجاب پولیس کے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹس میں تعیناتی کے لیے میں پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے[9]
آئی ایم ایس آئی کیچرز کی خریداری کے لیے ایک ٹینڈر نوٹس جاری کیا۔

IMSI کیچر کیا ہے؟

آئی ایم ایس آئی کا مطلب بین الاقوامی موبائل سبسکرائبر شناخت ہے جو آپ کے سم کارڈ کے بنیاد پر بنایا جانے والا ایک منفرد نمبر ہے۔ آئی ایم ایس آئی کیچر کو
Stingrays کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

IMSI، کیچر ایک ایسا آلہ ہے جو اپنے آپ کو ایک موبائل سیل ٹاور کے طور پر ظاہر کرتا ہے اور آس پاس کے تمام موبائل فونز کے منفرد آئی ایم ایس آئی نمبر کو کیچ کر کے ان کے کو ٹریک کرنے کے لیے ان سے جڑنے کی کوشش کرتا ہے۔

یہ زبردست سگنل کی طاقت کے ساتھ موبائل فون ٹاور ہونے کا بہانہ کر کے، قریبی موبائل فونز کو اپنے سے جوڑنے کے لیے دھوکہ دے کر اس طرح سے جڑ جاتا ہے کہ فون صارف کے علم کے بغیر اس فون سے ڈیٹا کو نچوڑ سکے۔

اس صورتحال میں آپ کے بارے میں سب سے زیادہ قابل رسائی معلومات آپ کا مقام ہے۔ یہ ناگزیر ہے کہ سیل ٹاورز آپ کے محل وقوع کو مثلث کے ذریعے جانتے ہیں, درحقیقت اس طرح وہ آپ کو پہلے اپنی سروس فراہم کرتے ہیں۔ خود کو آپ اور سیل ٹاور کے درمیان رکھ کر ایک آئی ایم ایس آئی کیچر آپ کی لوکیشن کا تعین کر سکتا۔

آئی ایم ایس آئی کیچرز فون پر ذخیرہ شدہ ڈیٹا کو نہیں پڑھتے ہیں۔ اس کے بجائے، ان آلات کے ٹیکسٹ پیغامات اور فون کالز کو روکنے کی کوشش کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

آئی ایم ایس آئی کیچر کی صلاحیتوں اور آپ کا فون جس نیٹ ورک سے منسلک ہو رہا ہے اس پر منحصر ہے کہ مزید جدید حملے ہو سکتے ہیں یا نہیں اگرچہ اس کا امکان نہیں ہے۔ کچھ
Stingray

[9] https://eproc.punjab.gov.pk/BiddingDocuments/35144_Tender%20Doc%20-%20Security%20Items%20for%20CTD%20Police%20Stations%20-%20105052015-1.pdf

آلات کمیونیکیشن پروٹوکولز کی جان کردہ کمزوریوں پر انحصار کرتے ہیں اور آپ کے فون کو اپنے استعمال کردہ پروٹوکولز کو ڈاؤن گریڈ کرنے پر مجبور کر سکتے ہیں، تاکہ آپ کی کمیونیکیشنز کو کم محفوظ اور زیادہ آسانی سے قابل رسائی بنایا جا سکے (مثلا **G2,G 3**
پر رابطے کو کم کر کے -

آئی ایم ایس آئی پکڑنے والے ان انکرپٹڈ پیغامات کے مواد کو نہیں پڑھ سکتے جن کا آپ پلیٹ فارمز کے ذریعے تبادلہ کرتے ہیں (جیسے سگنل، واٹس ایپ، وائر جو اینڈ ٹو اینڈ انکرپشن استعمال کرتے ہیں (جیسے سگنل، واٹس ایپ، وائر)-

IMSI(؟آئی ایم ایس آئی) کیچرز کو احتجاج میں کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے

پولیس آئی ایم ایس آئی کیچرز کا استعمال اس بات کی نشاندہی کرنے کے لیے کر سکتی ہے کہ احتجاج میں کون کون شامل تھا، ان تمام فونز کے آئی ایم ایس آئی نمبرز حاصل کر کے جو اس احتجاج میں آپس میں آس پاس موجود تھے-

آئی ایم ایس آئی کیچرز کی کچھ قسمیں پولیس کو اس قابل بھی بنا سکتی ہیں کہ وہ احتجاج کو روکیں یا ہونے سے پہلے ہی روک سکیں-

مثال کے طور پران کا استعمال آپ کی کالز اور پیغامات کی نگرانی یا ان کو بلاک کرنے کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ آپ کے علم کے بغیر اپ کے پیغامات میں ترمیم کر سکیں یا یہاں تک کہ آپ ہی ہونے کا بہانہ کرتے ہوئے کسی کو پیغام لکھیں اور بھیجیں-

احتجاج پر جاتے وقت کیا سوچنا ہے-

اپنے فون کو ایئروپلین موڈ میں رکھنے یا اسے مکمل طور پر بند کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ آئی ایم ایس آئی کیچر آپ کو یا آپ کے مواصلات کو ٹریک نہیں کر سکتا -

آپ اپنے ٹیکسٹ پیغامات کے مواد کو آئی ایم ایس آئی کیچر کے ذریعے ٹریک کیے جانے سے روکنا چاہتے ہیں تو آپ ایسی پیغام رسانی ایپس کی خدمات استعمال کر سکتے ہیں جو اینڈ ٹو اینڈ انکرپشن استعمال کرتی ہیں، جیسے سگنل، واٹس ایپ اور فیس بک، آئی ایم ایس آئی ممکنہ طور پر صرف وہ معلومات اکٹھا کر سکتا ہے کہ آپ یہ میسجنگ ایپس استعمال کر رہے ہیں، نہ کہ خود اس کے ذریعے بھیجا گیا مواد کیا ہے-

حلانکہ آئی ایم ایس آئی کیچرز فون پرجمع شدہ ڈیٹا کو نہیں پڑھتے ہیں، اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ پولیس کے پاس دوسری ٹیکنالوجی بھی ہوسکتی ہے جو انہیں آپ کے فون پر ڈیٹا تک رسائی کے قابل بنا سکتی ہے، جیسے کہ موبائل فون ڈیٹا ایکسٹریکشن اورہیکنگ ٹولز-

سوشل میڈیا مانیٹرنگ کو احتجاج میں کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے اور آپ اپنے ڈیٹا کے خطرات کو کیسے کم کر سکتے ہیں۔

سوشل میڈیا مانیٹرنگ کیا ہے؟

سوشل میڈیا مانیٹرنگ سے مراد سوشل میڈیا پلیٹ فارمز، جیسے فیس بک، ٹویٹر، انسٹاگرام اور ریڈٹ پر شیئر کی گئی معلومات کی نگرانی، اسے جمع کرنا اور اس کا تجزیہ کرنا ہے۔

اس میں پبلک یا پرائیویٹ گروپس یا پیجز پر پوسٹ کیے گئے مواد کی جاسوسی بھی شامل ہو سکتی ہے۔ اس میں "اسکریپنگ" بھی شامل ہو سکتی ہے - سوشل میڈیا پلیٹ فارم سے تمام ڈیٹا کو جمع کرنا، بشمول آپ جو مواد پوسٹ کرتے ہیں اور آپ کے رویے کے بارے میں ڈیٹا (جیسے کہ آپ کیا پسند کرتے ہیں اور شیئر کرتے ہیں)۔

اسکریپنگ اور دیگر ٹولز کے ذریعے، سوشل میڈیا مانیٹرنگ سوشل میڈیا ڈیٹا کے ایک وصیح ذخیرے کو جمع کرنے اور تجزیہ کرنے کی اجازت دیتی ہے جسے صارفین کے بارے میں پروفائلز اور پیشین گوئیاں بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

سوشل میڈیا مانیٹرنگ کو احتجاج کے سلسلے میں کس طرح استعمال کیا جاتا ہے؟

احتجاج کے منتظمین اکثر احتجاج کو منظم کرنے، مظاہرین کے ساتھ بات چیت کرنے، اور احتجاج کی تصاویر اور ویڈیوز اپ لوڈ کرنے کے لیے سوشل میڈیا کا استعمال کریں گے۔

بدلے میں اس کا مطلب ہے کہ پولیس سوشل میڈیا کے صفحات اور گروپس کو 'ڈیٹا مائن' کر سکتی ہے تاکہ منتظمین کی شناخت اور وابستگیوں، منصوبہ بندی کی کارروائی کا مقام اور وقت اور دیگر متعلقہ معلومات جاننے کی کوشش کی جا سکے۔

پولیس مظاہرین کی شناخت کے لیے ماضی یا مستقبل کے احتجاج سے متعلق سوشل میڈیا پوسٹس کو ٹریک کر سکتی ہے۔

پولیس مظاہرین کی شناخت کے لیے سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کی جانے والی احتجاجی تصاویر اور ویڈیوز کے لیے چہرے کی شناخت کی ٹیکنالوجی یا گیٹ ریکگنیشن ٹیکنالوجی کا بھی استعمال کر سکتی ہے۔

احتجاج پر جاتے وقت کیا سوچنا چاہیے؟

اگر آپ اپنی احتجاجی تصاویر اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر اپ لوڈ کرتے ہیں تو ان کا استعمال کسی احتجاج کے مقام پر افراد کی شناخت کرنے اور انہیں رکھنے کے لیے کیا جا سکتا ہے۔
اگر آپ کے مقام کی سیٹنگ آپ کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز یا آپ کے کیمرہ اور فوٹو ایپس کے لیے آن ہیں اور پھر آپ احتجاج کی جگہ سے یا اس کے قریب سے آن لائن پوسٹ کرتے ہیں، تو پولیس اس مقام کے ڈیٹا تک رسائی حاصل کر سکتی ہے۔

اگر آپ احتجاج کے دوران سوشل میڈیا استعمال کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو اس پلیٹ فارم پر اپنے مقامی یعنی لوکیشن کی سیٹنگ کو بند کرنے پر غور کرنا چاہیے جسے آپ استعمال کریں گے۔ اگر آپ احتجاجی تصاویر شیئر کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ایسے افراد کو ٹیگ نہ کریں جن کی رضامندی یا کنسینٹ نہیں لی گئی کیونکہ یہ ایک ایسا ذریعہ بن سکتا ہے جس سے پولیس لوگوں کو شناخت کر سکتی ہے۔

EXIF ۔اگر آپ سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر اپنی احتجاجی تصاویر اپ لوڈ کرنا چاہتے ہیں تو پہلے ڈیٹا کو ہٹانے پر غور کریں ڈیٹا آپ کی تصاویر سے وابستہ میٹا ڈیٹا ہے **EXIF**

۔جو کافی معلومات کو ظاہر کر سکتا ہے جیسے کہ مقام، وقت اور تاریخ اور استعمال شدہ ڈیوائس

ہوشیار رہیں، فوٹیج کی لوکیشن سیٹنگز آف کرنے کے بعد بھی پس منظر میں موجود معلومات سے جغرافیائی محل وقوع کی شناخت کی جا سکتی ہے (مثلاً کوئی یادگار یا تاریخی نشان)۔ اپنے اردگرد کی فلم بناتے وقت اسے ذہن میں رکھیں اور قابل شناخت پس منظر سے بچنے کی کوشش کریں۔

اگر ممکن ہو تو، تصویریں اور ویڈیوز صرف تب اپ لوڈ کریں جب آپ اس جگہ سے باہر نکل جائیں تاکہ ٹریک یا فالو کیے جانے سے بچایا جا سکے اور کسی بھی بصری ڈیٹا کو اپ لوڈ کرتے وقت
VPN
استعمال کریں۔

ہیکنگ کو احتجاج میں کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے اور آپ اپنے ڈیٹا کے ارد گرد خطرات کو کیسے کم کر سکتے ہیں۔

؟ہیکنگ کیا ہے

ہیکنگ سے مراد سسٹمز میں موجود کمزوریوں کو تلاش کرنا ہے، یا تو ان کی اطلاع دینا اور ان کی مرمت کرنا، یا ان کا استحصال کرنا۔

ہیکنگ سے ان آلات، نیٹ ورکس اور خدمات میں حفاظتی خامیوں کی نشاندہی کرنے میں مدد مل سکتی ہے جنہیں لاکھوں لوگ استعمال کرتے ہیں اور جب سسٹم ڈیزائنرز کو اطلاع دی جاتی ہے تو عام طور پر ٹھیک کر دی جاتی ہے۔ لیکن ہیکنگ کا استعمال ہمارے آلات تک رسائی کے لیے بھی کیا جا سکتا ہے تاکہ خفیہ طور پر ہمارے بارے میں معلومات اکٹھی کی جا سکیں اور ممکنہ طور پر ہمیں اور ہمارے آلات کی دوسرے طریقوں سے ہیرا پھیری کر سکیں۔

ہیکنگ کا عمل ہمیشہ سے ابھرتی ہوئی تکنیکوں پر مشتمل ہے۔ یہ دور سے بیٹھے بھی کیا جا سکتا ہے لیکن اس میں کسی ڈیوائس یا سسٹم کے ساتھ جسمانی مداخلت بھی شامل ہو سکتی ہے ۔ مثال کے طور پر موبائل فون کو ان لاک کرنے پر مجبور کرنا۔

اس میں لوگوں کی ٹیکنالوجی تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ان سے فائدہ اٹھانا بھی شامل ہو سکتا ہے۔ ایک مثال 'فشنگ' کی ہوگی، جہاں ایک حملہ آور مالویئر سے متاثرہ لنک یا منسلکہ فائل بھیجنے کے لیے کسی قابل اعتماد شخص یا تنظیم کی نقالی کرتا ہے۔

میں پیگاسس جیسے ہیکنگ میلویئر کے پاکستان اور 44 دیگر ممالک میں استعمال سیٹیزن لیب کی 2019 کی رپورٹ[10] ہونے کی اطلاع دی گئی ہے۔
Pegasus
ٹیکنالوجی ممکنہ طور پر
iOS اور **Android**
آلات کی ایک بڑی تعداد کو متاثر کرنے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔

ہیکنگ کو احتجاج میں کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے؟

پولیس، مثال کے طور پر آئی ایم ایس آئی کیچرز کے استعمال کے ذریعے مواصلات کو ہیک کرنے کے قابل ہے۔ کیچرز صرف اس معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں جو موبائل ڈیوائس اور سیل ٹاور کے درمیان منتقل ہو رہی ہے۔آئی ایم ایس آئی کیچرز اس معلومات تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے جو آلے پر محفوظ کی گئی ہے۔

اس لیے پولیس فون، لیپ ٹاپ یا دیگر انٹرنیٹ سے منسلک ڈیوائس پر ذخیرہ شدہ معلومات تک ریموٹ رسائی حاصل کرنے کے لیے جدید ترین ہیکنگ تکنیکوں کا استعمال کر سکتی ہے جو مظاہروں کو منظم کرنے یا اس میں حصہ لینے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ چاہے وہ پاس ورڈ، فنگر پرنٹ یا فیس انلاک کی تکنیک سے محفوظ ہوں۔

پولیس کسی بھی ایسے آلات کو اکٹھا کر سکتی ہے اور ان تک رسائی حاصل کر سکتی ہے جو احتجاج میں مظاہرین سے گرائے، کھوئے یا ضبط کیے جائیں۔

احتجاج پر جاتے وقت کیا سوچنا ہے۔

اپنے آلے کو اپ ٹو ڈیٹ رکھنا ہیکنگ کو روکنے کا ایک اچھا طریقہ ہے کیونکہ ہیکنگ اکثر ان کمزوریوں کا فائدہ اٹھاتی ہے جن کا انکشاف تو ہو چکا ہے لیکن ابھی تک پیچ نہیں کیا گیا ہے۔
یقینی بنائیں کہ آپ کا آلہ اپنے آپریٹنگ سسٹم
(Android یا **iOS)**
کا تازہ ترین دستیاب ورژن چلا رہا ہے اور آپ کی سیکیورٹی کو بہتر بنانے اور ہیکنگ کے خطرے کو کم کرنے کے لیے آپ کی تمام ایپس اپ ٹو ڈیٹ ہیں۔

[10] https://citizenlab.ca/2018/09/hide-and-seek-tracking-nso-groups-pegasus-spyware-to-operations-in-45-countries/

آپ کو اپنے فون یا دیگر الیکٹرانک آلات کو مقفل رکھنا چاہیے، کچھ ہیکنگ تکنیکیں مقفل آلات تک بھی رسائی حاصل کر سکتی ہیں۔ اس سیکیورٹی کو نظرانداز کرنے کی ان کی اہلیت موجود ہے، تاہم اس کا انحصار ہیکنگ کی تکنیک اور اس کے ہدفیہ آلے پر ہے۔

کسی احتجاج میں جانے سے پہلے، اگر ممکن ہو تو آپ اپنے فون کے ڈیٹا کا بیک اپ کسی دوسرے آلے پر منتقل کر دیں۔ لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ کچھ ہیکنگ ٹولز حذف شدہ ڈیٹا کو بازیافت کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔ اگر آپ نے ڈیٹا کو کلاؤڈ سروس میں محفوظ کر لیا ہے، تو کچھ ہیکنگ ٹولز اب بھی اس ڈیٹا تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

فریب دہی حملوں سے بچنے کے لیے آپ کو ہمیشہ اس بارے میں محتاط رہنا چاہیے کہ آپ کن لنکس پر کلک کرتے ہیں۔

آپ کے چہرے اور جسم کی نگرانی سے بچاؤ کے لیے ایک گائیڈ

چہرے کی شناخت کی تکنیک کو احتجاج میں کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے اور آپ اپنی پہچان کو ظاہر نہ کرنے کی کوشش کیسے کر سکتے ہیں

چہرے کی شناخت کی ٹیکنالوجی کیا ہے؟
چہرے کی شناخت کی ٹیکنالوجی (ایف آر ٹی)
لوگوں کے چہروں کے بارے میں ڈیٹا اکٹھا کرتی ہے اور اس پر کارروائی کرتی ہے
اور یہ لوگوں کی شناخت کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔

ایف آر ٹی کی گئی تصاویر کو موجودہ ڈیٹا بیس یا واچ لسٹ میں محفوظ کردہ تصاویر کے ساتھ ملاتا ہے۔ پاکستان کسٹمز ڈپارٹمنٹ کی جانب سے چہرے کی شناخت کی ٹیکنالوجی پر انحصار کرتے ہوئے ایک نیشنل ٹارگٹنگ سینٹر (این ٹی سی) قائم کرنے کی اطلاع[11] دی گئی تھی جو امیگریشن ڈیپارٹمنٹ، نادرا، ایڈوانس پیسنجر انفارمیشن سسٹم، نیشنل کسٹمز انفورسمنٹ نیٹ ورک سمیت متعدد سرکاری اداروں کے ساتھ منسلک ہوگا۔ یہ نظام پاکستان کسٹمز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ممکنہ طور پر خطرناک افراد اور نقل و حمل کی پروفائلنگ میں مدد کرنے کی آڑ میں بنایا گیا ہے۔

احتجاج پر جاتے وقت کیا سوچنا چاہیے؟

[11] https://www.dawn.com/news/1584264

اگر آپ اپنا نام یا پہچان ظاہر نہ کرنے کی کوشش کرنا چاہتے ہیں تو آپ چہرے کو ڈھانپنے کی تجاویز پر غور کریں، جیسے ماسک پہننا، جو ایف آر ٹی
۔کے لیے آپ کے چہرے کے خدوخال کی درست تصاویر کھینچنا مشکل بنا سکتا ہے
ایف آر ٹی میں خلل ڈالنے کے دیگر اختیارات میں چہرے کی پینٹ اور ایسے ڈیزائنوں کے ساتھ کپڑوں کا استعمال شامل ہے
FRT ، جن کا مقصد چہرے کی درست شناخت میں مداخلت کرنا ہے۔ تاہم اس تکنیک میں
مسلسل تبدیلیاں آ رہی ہیں اور بدلاؤ ہو رہا ہے، اس لیے چہرے کو ڈھانپنا اور اس طرح کے دوسرے طریقے مستقبل میں
۔کم موثر ثابت ہو سکتے ہیں
۔پولیس کے اختیارات ثقافتی تناظر اور دائرہ اختیار کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں

کا استعمال کر سکتی ہے، اس لیے کسی **FRT** چونکہ پولیس سوشل میڈیا پر تصاویر یا ویڈیو ریکارڈنگز کا تجزیہ کرنے کے لیے
۔احتجاج کی کوئی بھی تصویر پوسٹ کرنے سے پہلے اس پر غور کریں جس میں دوسرے مظاہرین کے چہرے نمایاں ہوں

اس طرح، آپ آن لائن تصاویر یا ویڈیوز پوسٹ کرنے سے پہلے چہرے کو دھندلا کرنے والے ٹولز استعمال کرنے پر غور کر
۔سکتے ہیں

پولیس ڈرون ٹیکنالوجی کو احتجاج میں کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے اور آپ اپنی شناخت ظاہر نہ کرنے کی کوشش کیسے
۔کر سکتے ہیں

عوامی اجتماعات کو محدود اور منظم کرنے اسلام آباد کیپٹل پولیس نے ستمبر 2022 میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے[12]
۔کے لیے غیر مہلک ڈرونز کی خریداری کا اعلان کیا تھا

؟پولیس ڈرون کیا ہیں

ڈرون مختلف سائز کی بغیر پائلٹ کے فضائی مشینیں ہیں جو عام طور پر کیمروں **(UAVs)** ۔کو دور سے کنٹرول کیا جاتا ہے
۔سے لیس ہوتے ہیں اور چہرے کی شناخت کی ٹیکنالوجی کے ساتھ بھی لیس ہو سکتے ہیں
ڈرونز سپیکر نگرانی کے آلات ریڈار اور کمیونیکیشن انٹرسیپشن ٹولز، جیسے
IMSI ۔کیچر آلات سے بھی لیس ہو سکتے ہیں

[12] https://tribune.com.pk/story/2375942/islamabad-police-to-use-non-lethal-drones-to-disperse-rioters

؟احتجاج کے دوران ڈرون کا استعمال کیسے ہو سکتا ہے

کیمرے سے لیس ڈرون کا استعمال عوامی مقامات پر لوگوں کی نقل و حرکت بشمول احتجاج کے دوران ان کی رضامندی کے بغیر یا ان کو آگاہ کیے بغیر بھی دور سے نگرانی کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔
اسی طرح جب کمیونیکیشن انٹرسیپشن ٹیکنالوجیز سے لیس ہو تو ڈرون کو مظاہرین کی کالز اور پیغامات کی نگرانی اور ٹریک کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے اس علاقے میں جہاں احتجاج ہو رہا ہو۔
اسپیکروں سے لیس ڈرونز کا استعمال مظاہرین کے ساتھ رابطہ کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے مثال کے طور پر انہیں احکامات، ہدایات یا وارننگ دے کر۔

؟احتجاج پر جاتے وقت کیا سوچنا چاہیے

ڈرون کا استعمال اور آپ کی شناخت ظاہر نہ کرنے پر اثر ان ٹیکنالوجیز پر منحصر ہے جن سے وہ لیس ہیں۔

